F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vª; mnw Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 06/06/2016

کونسل ہندوستان میں فارسی ادب کی تاریخ پر ایک جامع کتاب ترتیب دے گی : پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل میں فارسی ادب پینل کی میٹنگ کا انعقاد

یہ میٹنگ ایک ایسی زبان سے وابستہ ہے جو ہندوستان کی آٹھ سو سالہ تہذیب وثقافت کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔اس زبان کے بغیر ہندوستان کی مشترکہ تہذیب وثقافت کا مطالعہ ادھورا ہے۔ فارسی کے بغیر اردو زبان وادب کی تفہیم اور تدریس مشکل ہے۔اس کے حل کے لیے کونسل ہندوستان میں **فارسی ادب کی تاریخ** ترتیب دینا چاہتی ہے۔ یہ کام بہت دنوں سے تشنہ ہے اور یہ اگلے چھ ماہ میں مکمل کرلیا جائے گا۔ اتنے کم وقفے میں فارسی زبان وادب کے حوالے سے ایک جامع اور مکمل کتاب کی ترتیب آسان کام نہیں ہے اس لحاظ سے یہ کونسل کے لیے فخر کی بات ہوگی۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے پینل برائے فارسی زبان وادب کی منعقدہ میٹنگ میں کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ ہمارا عزم ہے کہ فارسی زبان وادب کی تاریخ اگلے چھ ماہ میں منظر عام پر آجائے تاکہ ہندوستان میں دوسری زبانوں کے پڑھنے والے کو اس کا خاطر خواہ فائدہ ہوسکے۔اس موقع پر اپنے صدارتی خطاب میں پروفیسر چندر شیکھر نے کہا کہ چھ ماہ کے اندر دوسری میٹنگ کا انعقاد کونسل کی جانب سے ایک مستحسن قدم ہے اور اس کے لیے میں پروفیسر ارتضیٰ کریم کو مبارک باد دیتا ہوں۔ انھوں نے کہا کہ پروفیسر موصوف کی طرف سے یہ تجویز کہ ہندوستان میں فارسی ادب کی تاریخ ترتیب دی جائے یہ ایک مثالی کام ہوگا اور ہندوستان میں فارسی ادب کے تعلق سے کیا خدمات رہی اس کی روداد سامنے آجائے گی۔ اس موقع پر پینل کی ممبر پروفیسر آذرمی دخت صفوی نے اس پروجیکٹ کی تفصیلات پر انتہائی مؤثر انداز میں بتائی۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان میں جو فارسی ادب تخلیق ہوا ہے اس کی ایک جامع تاریخ مرتب کی جائے، اسے تاریخ کے حساب سے ،اصناف کے حساب سے ،ادوار کے حساب سے ،خطوں اور علاقوں کے حساب سے ،شعرا اور نثر نگار کے حساب سے ترتیب دینے کی ضرورت ہے۔ اس بابت ہم لوگوں کو اگلے دس دنوں میں پروپوزل بنا کر کونسل کے حوالے کرنا ہے تاکہ معینہ مدت کار میں اس عظیم کام کو مکمل کیا جاسکے۔

اس میٹنگ میں پروفیسر چندر شیکھر، پروفیسر آذرمی دخت صفوی، پروفیسر طلحہ رضوی برق، پروفیسر شریف حسین قاسمی، پروفیسر وجیہ الدین، پروفیسر عمر کمال الدین، پروفیسر علیم اشرف خان، پروفیسر مظہر آصف، کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر، اکیڈمک)، جناب فیروز عالم (اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر) بھی شریک کی۔

(رابطہ عامہ سیل)